## الیکشن کمیشن آف پاکستان

### شعبہ تعلقات عامہ

### پریس ریلیز

اسلام آباد مورخہ 10 جون 2021ء

ملک کے چاروں صوبوں، اسلام آباد کیپٹل ٹیر ٹیری اور کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کا ایک اہم اجلاس آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ممبران الیکشن کمیشن، وزیر لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ، سیکرٹری خیبر پختونخواہ، سیکرٹری الیکشن کمیشن، چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، وفاقی وزارت داخلہ اور شعبہ ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس کے متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ جبکہ چیف سیکرٹری بلوچستان اور چیف سیکرٹری سندھ نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں مدعو تھے۔ چیف الیکشن کمشنر نے اجلاس کی ابتداء کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ 2017 میں ہوئی مردم شماری کے نتائج ادارہ شماریات نے جاری کر دیئے ہیں اس لیے اسلام آباد، پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں جلد از جلد حلقہ بندیوں کا انعقاد جبکہ کنٹونمنٹ بورڈز اور خیبر پختونخواہ میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہونا چاہیے۔

ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ الیکشن کمیشن نے اجلاس کو بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع ماسوائے ضلع پشاور میں حلقہ بندیوں کا کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ ضلع پشاور کی حلقہ بندی کا کام 7 جولائی 2021 تک مکمل کر لیا جائے گا۔

اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ خیبر پختونخواہ حکومت کی جانب سے خیبر پختونخواہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 میں ترمیم کی لاء ڈیپارٹمنٹ سے منظور شدہ کاپی موصول نہیں ہوئی ۔ صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ نے اجلاس کو بتایا کہ انتخابی عملے کی کمی کی وجہ سے پورے صوبے میں ایک دن بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں مشکلات ہوسکتی ہیں اس لئے بلدیاتی انتخابات کا انعقاد مرحلہ وار کروایا جائے۔ وزیر لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ نے تجویز دی کہ ضم شدہ قبائلی اضلاع میں بلدیاتی انتخابات علیحدہ سے کروائے جائیں جبکہ صوبے کے بقیہ اضلاع میں بلدیاتی انتخابات ایک ہی دن کروائے جائیں اس سلسلے میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ الیکشن کمیشن اور صوبائی حکومت کے متعلقہ افسران انتظامی دشواریوں کو سامنے رکھتے ہوئے سفارشات مرتب کریں۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن اور خیبر پختونخواہ حکومت کے نمائندوں نے اتفاق کیا کہ ستمبر کے اختتام سے اکتوبر کے وسط تک کا وقت بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے سازگار رہے گا۔

وزیر لوکل گورنمنٹ نے یقین دہانی کروائی کہ وہ یہ تجاویز صوبائی کابینہ کے سامنے رکھیں گے۔

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے نقشہ جات، تحصیل وائز ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلز کی تعداد Delimitation Rules کا نوٹیفکیشن اور مسودہ پنجاب لوکل گورنمنٹ رولز کی فراہمی کا انتظار ہے۔

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب نے اجلاس کو بتایا کہ ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلز کے حوالے سے نوٹیفکیشن جون کے وسط تک جاری کر دیا جائے گا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب نے مزید بتایا کہ پنجاب لوکل گورنمنٹ رولز 2021 صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد شائع کیے جائیں گے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کہا کہ متعلقہ رولز جیسے ہی الیکشن کمیشن کو ملیں گے الیکشن کمیشن اس سلسلے میں کام کا آغاز کر

آغاز کردے گا تاہم رولز کے بعد الیکشن کمیشن کو تیاری کے لئے 4 ماہ کا عرصہ درکار ہو گا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے اجلاس کو مزید بتایا کہ صوبہ پنجاب نے سپریم کورٹ کے پنجاب میں بلدیاتی اداروں کی بحالی کے حوالے سے فیصلے پر ریویو پٹیشن دائر کر رکھی ہے اگر ریویو پٹیشن منظور ہو جاتی ہے تو نومبر 2021 میں پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات کروانے کے لئے تیار ہو گی۔ بصورت دیگر پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مارچ 2022 میں کرائیں گے۔ سیکرٹری بلدیات پنجاب نے الیکشن کمیشن کو یہ بھی بتایا کہ ختم شدہ آرڈیننس کو بل کی شکل میں پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا ہے جس کی منظوری جولائی میں متوقع ہے۔

صوبہ بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے بلوچستان حکومت کے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے اجلاس کو بتایا بلوچستان لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2021 میں تجویز کی گئی ترامیم صوبائی کابینہ کو بھیجی گئی ہے تاہم ابھی تک ان کی منظوری نہیں ہوئی چونکہ مردم شماری 2017 کے نتیجے میں صوبے کی آبادی میں واضح فرق آیا ہے اس لئے یہ ترامیم ضروری ہیں کمیشن نے استفار پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان کا کہنا تھا یہ ترامیم مارچ 2021 سے صوبائی کابینہ کو بھیجی گئی اور اور ان کی منظوری کے بغیر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد نہیں ہو سکتا۔ الیکشن کمیشن نے اس پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم آئینی معاملے پر اتنی تاخیر کیوں ہو رہی ہے اور سیکرٹری الیکشن کمیشن کو ہدایت کی کہ وہ اس سلسلے میں چیف سیکرٹری بلوچستان سے بات کریں۔ صوبہ سندھ کے حوالے سے مرتضی وہاب مشیر قانون و ترجمان سندھ حکومت اور چیف سیکرٹری سندھ آن لائن شریک ہوئے تاہم تکنیکی وجوہات کی بناء پر میٹنگ کا انعقاد نہ ہو سکا۔

ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اجلاس کو بتایا کہ ادارہ شماریات کی جانب سے نقشے موصول ہو گئے ہیں جبکہ حلقہ بندی کمیٹی اور اتھارٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے اور وفاقی حکومت نے موجودہ یونین کونسلز کی تعداد پر ہی حلقہ بندی / انتخابات کروانے کے لئے الیکشن کمیشن کو تحریری طور پر آگاہ کر دیا ہے جبکہ بلاک وائز آبادی کے اعداد و شمار ملتے ہی حلقہ بندی کا شیڈول جاری کیا جائے گا۔ ادارہ شماریات نے مذکورہ اعداد و شمار جلد ہی فراہم کرنے کا کہا۔

اجلاس کو بتایا گیا کہ کنٹونمنٹ بورڈز بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے حلقہ بندیوں کا کام مکمل کر دیا ہے اور تمام صوبائی الیکشن کمشنرز کی جانب سے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، ریٹرننگ آفیسر اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر کی تعیناتی کے لئے تجاویز بھی موصول ہو گئی ہیں علاوہ ازیں وفاقی حکومت کی جانب سے الیکشن پروگرام جاری کرنے کے لئے تحریری طور پر الیکشن کمیشن کو آگاہ کیا ہے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان اور چیف سیکرٹری سندھ ویڈیو لنک میں خرابی کی وجہ سے اجلاس میں شریک نہ ہو سکے صوبہ سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے علیحدہ سے اجلاس جلد بلایا جائے گا۔

Altaf

16/6/2021